© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**نظرۃ اجمالیۃ فی تاریخ الدعوۃ الاسلامیۃ فی الہند والپاکستان** | اثر خامۂ ادیبِ جلیل مولانا مسعود عالم ندوی۔ ضخامت ۱۶۰ صفحات، قیمت ایک روپیہ۔ طباعت دیدہ زیب۔

یہ کتابچہ مولانا مسعود عالم صاحب کی جامع و مفصل کتاب کا خلاصہ ہے جو موصوف نے اسی موضوع پر عربی میں رقم فرمائی ہے۔ اس کتابچے میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے مولانا موصوف نے ہند و پاکستان میں دعوتِ اسلامی کی تاریخ کا اجمالی جائزہ لیا ہے۔ لیکن یہ اجمالی نظر ایسے حقائق کی حامل ہے جو وسیع مطالعے اور عمیق تفکر کا نتیجہ ہیں۔ مولانا موصوف نے اپنے مقدمے میں یہ بات صاف طور پر کہہ دی ہے کہ اس رسالے میں ان کا مدعا اسلام اور دعوتِ اسلامی کی تاریخ بیان کرنا ہے اور اس لحاظ سے اسلام خالص کی جو دعوت اس ملک میں نمایاں ہوئی، وہ شیخ مجدد سرہندی کی دعوت تھی، اور اس مختصر کتاب میں علماء صوفیہ کی تبلیغ اسلامی کے اجمالی تذکرے کے بعد، اسی دعوت سے اپنی بحث و نظر کا آغاز کیا ہے اور اس دعوت نے اس ملک میں اسلام کی جو خدمت انجام دی اس کو نمایاں کیا ہے۔ پھر شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی تعلیم کتاب و سنت کی خدمات کے تذکرے کے بعد اورنگ زیب کے حامیٔ سنت و قامعِ بدعت عہدِ حکومت کا ذکر کر کے حضرت شاہ ولی اللہ اور ان کے خاندان کی تعلیمی و تبلیغی خدمات اور حضرت سید احمدؒ و اسمٰعیل شہید کی دعوت کو کسی قدر تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اور پھر ۱۸۵۷ء کے ہنگامے، سید احمد خاں کی تعلیمی تحریک اور اس کے مقابلے میں کتاب و سنت کے احیا کی ان دونوں دعوتوں کو بیان کیا ہے جو دیوبند اور ندوۃ العلما کی صورت میں نمایاں ہوئیں۔ اور آخر میں جماعتِ اسلامی کی دعوت کا تعارف کرایا ہے اور تفصیل سے اس کے اغراض و مقاصد اور اس کا لائحہ عمل بیان کیا ہے۔

© rasailojaraid.com